## سوال

(08)کنویں میں بلی یاچوہامر جائے توکتنے ڈول پانی نکالا جائے

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر کسی کنویں میں بلی یاچویا گر کر مر جائے تو کتنے ڈول نکالنے سے کنواں پاک ہو گا۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بلی چوہے کونکال کر باہر پھینک دینا چاہیے اس کے بعد دیکھنا چاہیے کہ اگر پانی میں بدبو پیدا ہوگئی ہے یا مزہ بدل گیا ہے یا پانی کا رنگ خراب ہوگیا ہے تو اتنا پانی کھینچنا چاہیے جس سے کہ یہ اوصاف دور ہوجائیں، پھر یہ پانی پاک ہوجائے گا، اگر بلی یا چوہے کے گرنے سے پانی کے اوصاف ثلاثہ نہیں بدلے تو پانی پاک ہے، اس میں سے ڈول کھینچنے کی ضرورت نہیں ہے۔

(ابوداوَد)

محمد یونس صدرِمدرس مدرسہ حضرت میاں صاحب مرحوم دہلوی (گزٹ اہل حدیث جلد نمبر ۹، شمارہ نمبر ۹)

(الجواب صحیح : الراقم علی محمد سعیدی جامعہ سعیدیہ خانیوال مغربی پاکستان)

ہذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ علمائے حدیث

## کتاب الطہارة جلد 1 ص 23